Atlas Battery

# اطلاع برائے غیر معمولی اجلاسِ عام

نوٹس ہذا کے ذریعے مطلع کیا جاتا ہے کہ اٹلس بیٹری لمیٹڈ کے حصص داران کا غیر معمولی اجلاس عام ("EOGM") بروز بدھ مورخہ 21 جون 2023 بوقت صبح 10:00 بجے بمقام دوسری منزل، فیڈریشن ہاؤس، شاہراہِ فردوسی، کلفٹن، کراچی میں یا آن لائن بذریعہ زوم مندرجہ ذیل کاروباری امور کی انجام دہی کے لیے منعقد ہوگا۔

**عمومی امور**

1۔ مورخہ 19 مئی 2023 کو منعقدہ غیر معمولی اجلاس عام کی کاروائی کی توثیق اور تصدیق۔

**خصوصی امور**

2۔ درج ذیل قراردادوں پر ترمیم کے ساتھ یا بغیر کسی ردوبدل کے اگر مناسب سمجھا گیا تو خاص قراردادوں کی طرح غور وخوض اور منظوری:

**قرار پایا کہ:**

2.1 ''کمپنی کا مجاز سرمایہ 500,000,000 روپے (صرف پانچ سو ملین روپے) سے بڑھ کر 650,000,000 (صرف چھ سو پچاس ملین) نئے شیئرز بحساب 10 روپے فی شیئر سے 7,000,000,000 روپے (صرف سات ارب روپے) ہوگیا ہے۔''

**مزید قرار پایا کہ:**

2.2 ''کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں 500,000,000 روپے (صرف پانچ سو ملین روپے) جو کہ 50,000,000 (پچاس ملین) عام حصص فی حصص 10 روپے میں تقسیم کیا گیا ہے جس کے اعداد وشمار اور الفاظ کو میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کے شق 5 اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 8 میں 7,000,000,000 روپے (صرف سات بلین روپے) جو کہ 700,000,000 (سات سو ملین) کے عام حصص فی حصص 10 روپے میں تقسیم شدہ اور اسی سے تبدیل کیا گیا ہے۔''

**مزید قرار پایا کہ:**

2.3 ''عمومی شیئرز جاری کیے جانے پر ووٹنگ کے مساوی حقوق کے حامل ہوں گے اور کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات کے مطابق تمام معاملات میں کمپنی کے موجودہ عام شیئرز کے ساتھ برابری کی درجہ بندی کریں گے۔''

**مزید قرار پایا کہ:**

2.4 ''چیف ایگزیکٹو آفیسر اور کمپنی سیکریٹری کو انفرادی حیثیت میں پیش کردہ مندرجہ بالا قراردادوں پر عمل کرنے کا اختیار ہے اور اس سلسلے میں کسی مقصد کے تحت وہ تمام قانونی دستاویزات اور چیزیں جو ضروری ہوں اور جن کی طلب ہوسکتی ہے، بروئے کار لانے کے ساتھ ساتھ مذکورہ بالا کا نافذ کرنے اور لاگو کرنے کیلیے رجسٹرار کے پاس مطلوبہ دستاویزات فائل کرنے کے لیے واحد مجاز ہیں۔

**مزید قرار پایا کہ:**

2.5 مذکورہ بالا 2.1 اور 2.2 کے تحت مجاز سرمایہ میں اضافے کی منظوری سے مشروط ہے کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز اس کے ذریعے تقسیم شدہ منافع / کمپنی کے ذخائر سے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے طے شدہ بونس شیئرز کا اعلان کرنے اور جاری کرنے کا مجاز ہے۔

**دیگر امور:**

3۔ چیئرمین کی اجازت سے کسی بھی دیگر امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ

فیضان رضا نایانی

کمپنی سیکریٹری

کراچی: 31 مئی 2023

نوٹس:

## 1۔ حصص منتقلی کتب کی بندش

کمپنی کی حصص منتقلی کتب مورخہ 20 جون 2023 تا 21 جون 2023 (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے دفتر واقع کراچی چیمبر، حسرت موہانی روڈ، کراچی پر 19 جون 2023 کو کاروباری دن کے اختتام تک موصول ہونے والے منتقلی کے حصص سالانہ عام اجلاس میں شرکت اور ووٹ ڈالنے کے لیے قابل قبول تصور کیے جائیں گے۔

## 2۔ اجلاس عام میں شرکت

اجلاس عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حقدار ممبر کسی دوسرے ممبر کو بطور پراکسی مقرر کرنے کا اہل ہے۔ کارپوریٹ ادارے کے ممبر ہونے کی صورت میں بورڈ ریزولوشن/پاور آف اٹارنی کے ذریعے اپنے کسی عہدیدار یا کسی دوسرے شخص کو اپنا پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔

پراکسی تقرری آلہ کو کمپنی کے رجسٹرڈ آفس، ہمارے شیئر رجسٹرار کے دفتر یا بذریعہ ای میل investor.relations@abl.atlas.pk میٹنگ کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل موصول ہونا چاہیے۔ اس نوٹس کے ساتھ ایک پراکسی فارم بھی منسلک کیا گیا ہے۔

## 3۔ اجلاس عام میں شرکت کرنے والے سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کے لیے رہنما اصول

CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کو 26 جنوری 2000 کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ مراسلہ 1 میں بیان کردہ ہدایات کی پیروی کرنا ہوگی:

**اجلاس میں شرکت کے لیے**

a) فرد واحد کی صورت میں اکاؤنٹ یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر جس کی سیکیورٹیز اور اندراج کی تفصیلات CDC ضوابط کے تحت اپ لوڈ کی گئی ہوں کو غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت کے وقت اپنی شناخت کے لیے اپنا اصلی قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصلی پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

b) کاروباری ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کا ریزولیوشن/پاور آف اٹارنی بمع نمونہ کے دستخط اور نامزد فرد کے درست CNIC (اگر پہلے فراہم نہ کی گئی ہو) اجلاس کے موقع پر پیش کرنا ہوگی۔

**پراکسیز کے تقرر کے لیے:**

a) فرد واحد کی صورت میں، اکاؤنٹ یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر جس کی سیکیورٹیز اور اندراج کی تفصیلات CDC ضوابط کے تحت اپلوڈ کی گئیں ہوں، کو اپنا پراکسی فارم مذکورہ بالا معیار کے مطابق جمع کرانا ہوگا۔

b) دو افراد پراکسی فارم کی بطور گواہ تصدیق کریں گے جن کے نام، پتہ اور CNIC نمبر فارم پر درج ہوں گے۔

c) بینیفیشل اونر پراکسی کے CNIC یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ پیش کی جائیں گی۔

d) پراکسی غیر معمولی اجلاس عام کے موقع پر اپنا اصلی CNIC یا پاسپورٹ پیش کرے گا / گی۔

e) کاروباری ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کا ریزولیوشن/پاور آف اٹارنی بمع کاروباری ادارے کی جانب سے پیش ہونے اور ووٹ کرنے کے لیے نامزد شخص کے نمونہ دستخط اور مئوثر CNIC کی مصدقہ نقل کمپنی کے پراکسی فارم کے ہمراہ جمع کرائی جائے گی۔

## 4۔ پتے میں تبدیلی

اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے ڈاک کے پتے میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو مطلع کریں۔

## 5۔ CNIC یا پاسپورٹ کی فراہمی

شیئر ہولڈرز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز) ریگولیشنز 2017 کے ضابطے 4 کی شق 9(i) کے مطابق رجسٹرڈ شیئر ہولڈر یا اس کے مجاز شخص کی شناخت کمپنی کے پاس دستیاب ہونی چاہیے۔ لہٰذا، یہ درخواست کی جاتی ہے کہ شیئر ہولڈرز اپنے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی کاپی (انفرادی صورت میں) یا قومی ٹیکس نمبر (انفرادی صورت کے علاوہ) یا پاسپورٹ (غیر ملکی فرد کی صورت میں) شیئر ہولڈر کو بذریعہ ڈاک یا ای میل فراہم کریں جو کمپنی سیکریٹری یا شیئر رجسٹرار کو پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو۔

## 6۔ ووٹنگ

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 143 تا 145 کی درکار ضروریات اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے لاگو قوانین کے تحت اراکین اپنا ووٹنگ کا حق بھی استعمال کرسکتے ہیں۔

## 7۔ ویڈیو کانفرنسنگ کی سہولت کے ذریعے شرکت

شیئر ہولڈرز اب ویڈیو لنک کے ذریعے بھی غیر معمولی اجلاس عام کی کارروائی میں حصہ لے سکتے ہیں۔ وہ تمام اراکین جو غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت کرنا چاہتے ہیں ان سے التماس کی جاتی ہے کہ اپنی مندرجہ ذیل معلومات اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل (دونوں جانب سے) کے ساتھ بعنوان ''رجسٹریشن برائے غیر معمولی اجلاس عام'' کا investor.relations@abl.atlas.pk پر بذریعہ ای میل اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل بھیجیں۔

| حصص دار کا نام | CNIC نمبر | فولیو نمبر/CDC اکاؤنٹ نمبر | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

مندرجہ بالا ضروریات کے مطابق ضروری توثیق کے بعد، جن ممبران کو رجسٹرڈ کیا جائے گا انہیں بذریعہ ای میل، کمپنی کی جانب سے پاس ورڈ سے محفوظ کردہ ویڈیو لنک مہیا کیا جائے گا۔ مذکورہ لنک غیر معمولی اجلاس عام کی تاریخ کو صبح 9:50 سے اجلاس کے اختتام تک دستیاب رہے گا۔

## کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 134(4) کے تحت بیان

یہ بیان اٹلس بیٹری لمیٹڈ کی 21 جون 2023 کو ہونے والا غیر معمولی اجلاس عام کے نوٹس سے منسلک ہے جس میں کچھ خاص امور کی لین دین کی جانی ہے۔ اس بیان کا مقصد ایجنڈے کے آئٹم نمبر 2 کے طور پر مذکورہ خصوصی امور سے متعلق مادی حقائق کا بیان کرنا ہے۔

کمپنی کا موجودہ مجاز سرمایہ 500,000,000 روپے (صرف پانچ سو ملین روپے) ہے جسے 50,000,000 (پچاس ملین) عمومی حصص فی حصص 10 روپے میں تقسیم کیا گیا ہے۔

اداشدہ حصص کیپٹل میں اضافے کو پورا کرنے کے لیے، بورڈ آف ڈائریکٹرز نے سفارش کی ہے کہ مجاز سرمائے کو 500,000,000/- سے بڑھا کر 7,000,000,000/- روپے کردیا جائے جس کے ذریعے 10/- روپے کے اضافی 650,000,000 عام حصص بنائے جائیں۔ کمپنی کے مجاز حصص کے سرمائے میں مجوزہ اضافے کے لیے میمورینڈم آف ایسوسی ایشن کی شق 5 اور کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 8 میں بھی ترامیم کی ضرورت ہوگی تاکہ کمپنی کے مجاز حصص کے سرمائے میں اضافے کی عکاسی ہوسکے۔ مزید مجاز حصص سرمایہ میں اضافے کی منظوری سے مشروط، کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز اس کے ذریعے تقسیم شدہ منافع / کمپنی کے ذخائر سے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے طے شدہ بونس شیئرز کا اعلان کرنے اور جاری کرنے کا مجاز ہے۔ اس مقصد کے لیے اس اجلاس میں خصوصی قراردادوں پر غور اور منظوری کی ضرورت ہے۔

ڈائریکٹرز ان امور میں ماسوائے کمپنی کے حصص داران کوئی دلچسپی نہیں رکھتے ہیں۔